# 7 معاشرتی معمولات

# SOCIAL NORMS

اس باب میں آپ جانیں گے:

- معاشرتی معمولات کا تعارف و تعریف
- معاشرتی معمولات کی ضرورت اور اہمیت
- معاشرتی معمولات کی اقسام
- معاشرتی مستحبات کے تصور کی وضاحت
- معاشرتی مستحبات کی اقسام و اہمیت

ہر معاشرہ معاشرتی زندگی گزارنے کے اصول مقرر کرتا ہے۔ زندگی گزارنے کے ان اصولوں کو معاشرتی معمولات کہتے ہیں۔ گھر سے باہر سائیکل پر سوار ہو کر جانے کیلئے یہ جاننا ضروری ہے کہ سڑک کی بائیں جانب چلیں یا دائیں جانب۔ ہمارے معاشرے میں بائیں جانب چلنا ہمارے معمولات میں شامل ہے، سعودی عرب میں سڑک کے دائیں جانب چلنا ان کے معمولات ہیں۔ ریل گاڑی کا سفر ہو یا بس کا، ٹکٹ خریدنا ضروری ہے اور یہ معمول کہلاتا ہے۔ والد ہو یا والدہ، دادا ہو یا دادی، سب کے ساتھ احترام سے پیش آنا بھی ہمارے معاشرے کا رواج ہے۔ استاد کا ادب، مولوی صاحب کا احترام اور اپنے سے بڑی عمر والوں کا ادب اور اپنے سے چھوٹوں پر شفقت ہمارے معاشرتی و ثقافتی معمولات ہیں۔ سچ بولنا، پورا تولنا، وعدہ پورا کرنا معمولات ہیں۔ مسجد، قرآن، نماز اور قبلہ کا احترام اسلام کے معمولات ہیں۔

**لفظی معنی:**

لفظ Norm (معمول) لاطینی زبان کے ایک لفظ Norma سے ماخوذ ہے جس کے معنی قانون یا ضابطہ ہے۔

## تعریف (Definition):

**آگبرن اور نمکاف** (Ogburn and Nimkoff) کے مطابق:

"معاشرتی معمولات انسانی کردار کے لیے رہنما اصول ہیں۔ جنہیں افراد اپنے مقاصد کے حصول میں استعمال کرتے ہیں۔"

**ڈونلڈ لائٹ** (Donald Light) کے مطابق:

"معاشرتی معمولات گروہ کے ارکان کے وہ متوقع کردار ہیں جو وہ مخصوص معاشرتی موقع پر انجام دیتے ہیں۔"

**پال سیلف** (Paul Selfe) نے معمولات کو اس طرح بیان کیا ہے:

"معاشرتی معمول وہ اصول یا معیار ہیں جو انسانوں کے کردار کو اس معاشرتی موقع پر کنٹرول کرتے ہیں جس میں وہ لوگ عملی طور پر حصہ لیتے ہیں۔"

ان تعریفوں سے ظاہر ہے کہ معاشرتی معمولات وہ ثقافتی معیار ہیں جن پر فرد کا کردار پرکھا جاتا ہے کہ درست ہے یا غلط۔ یعنی درست و غلط کا معیار ہے۔ ایک ترازو ہے۔ جو فرد ان کے مطابق عمل کرتا ہے۔ اُسے معاشرہ پسند کرتا ہے اُس کی تعریف کرتا ہے اُسے انعام و اکرام دیتا ہے۔ سند عطا کرتا ہے۔ اور جو ان کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ معاشرہ مختلف سزائیں دیتا ہے۔ جن میں ڈانٹ ڈپٹ سے لے کر پھانسی تک شامل ہے۔

## معمولات کے وظائف اور اہمیّت

## (Functions and Importance of Social Norms)

معمولات کے وظائف حسب ذیل ہیں جس سے اس کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے:

۱۔ **معاشرتی رہنمائی:** معمولات فرد کو اُس کی زندگی کے ہر مرحلے میں رہنمائی کرتے ہیں۔ جن کی وجہ سے وہ اپنا کار منصب ٹھیک انجام دیتا ہے۔

۲۔ **معاشرے میں مقام:** معاشرتی معمولات فرد کو معاشرے میں اُس کا مقام عطا کرتے ہیں اور وہ اپنا منصب حاصل کرتا ہے۔

۳۔ **سماجی کنٹرول:** معاشرتی معمولات افراد کے کردار کو معاشرتی حالت کے مطابق کنٹرول کرتے ہیں۔ فرد اپنا کردار اور اپنی تربیت سامنے آنے والی معاشرتی حالت کے مطابق انجام دیتا ہے۔ اس طرح معاشرے کے تمام افراد اپنے اپنے کردار اور میں مصروف رہتے ہیں جس سے معاشرے میں ضبط قائم رہتا ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> معاشرہ میں امن و سکون کی ایک وجہ ہمارے معاشرتی معمولات ہیں۔

۴۔ **قانون کی تابع داری:** معاشرتی معمولات قانون کی تابعداری سکھاتے ہیں۔ اور خلاف ورزی پر سزا کی اطلاع دیتے ہیں۔

۵۔ **ثقافت کا وجود:** معاشرتی معمولات کسی ثقافت کی روح رواں ہیں۔ اس لیے ان کے وجود سے معاشرے کی ثقافت زندہ رہتی ہے۔

۶۔ **اداروں کی تشکیل:** معاشرتی معمولات اداروں کو تشکیل دیتے ہیں جن کی بنیاد پر معاشرہ قائم ہوتا ہے۔

# معاشرتی معمولات کی اقسام
# (Types of Social Norms)

معاشرتی معمولات کی مندرجہ ذیل قسمیں ہیں۔

(i) لوک ریت یا عوامی روایات

(ii) معروف آداب

(iii) قوانین

## ا۔لوک ریت یا عوامی روایات یا مروّجہ آداب
## (Folkways)

لوک ریت (Folkways) وہ رسم و رواج ہیں جو معاشرے میں مقبول ہیں اور معاشرتی زندگی کے چھوٹے چھوٹے مرحلوں میں پائے جاتے ہیں۔ زندگی کے بنیادی مراحل میں ان کی ضرورت پڑتی ہے۔ معاشرہ ان کو پسند کرتا ہے اور ان کی خلاف ورزی کو پسند نہیں کرتا۔ بلکہ خلاف ورزی کرنے والوں کو برا سمجھتا ہے۔ اگرچہ کوئی رسمی سزا نہیں دیتا۔

**تعریف (Definition):**

**گلن اینڈ گلن (Gillin & Gillin):**

"لوک ریت روزمرہ زندگی کے کرداری طریقے ہیں جو کسی گروہ یا معاشرہ میں غیر ارادی طور پر جنم لیتے ہیں۔"

**اے۔ڈبلیو۔گرین (A.W.Green) کے مطابق**

"معاشرہ میں رائج کام کرنے کے وہ طریقے جو نسل در نسل منتقل ہوتے ہوں لوک ریت کہلاتے ہیں۔"

"Those ways of acting that are common to a society or a group and that are handed down from generation to generation".

**ولیم گراھم سمنر (W.G.Sumner):**

"لوک ریت معاشرے کے منظور کردہ انداز زندگی ہیں جو تفاعل کی پیداوار ہیں اور ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔"

لوک ریت غیر رسمی معمولات ہیں۔ یہ کسی کتاب میں تحریر شدہ نہیں ہیں۔ بلکہ سینہ بہ سینہ اور زبان بہ زبان ایک دوسرے کی جانب منتقل ہوتے چلے آئے ہیں۔ جس طرح بڑے لوگوں سے

سُنا۔ والدین اور اساتذہ کو کرتے دیکھا اُسی طرح انہیں تسلیم کر لیا جس طرح بزرگوں نے نصیحت کی اور عمل کی ہدایت کی ہم نے بھی اُسی طرح اختیار کر لیا۔ لوک ریت کو خودرو گھاس سے تشبیہ دی ہے جو خود بخود پیدا ہوتی ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ خود بخود ختم ہو جاتی ہے۔ اسی طرح لوک ریت بھی معاشرتی زندگی میں خود بخود پیدا ہوتے ہیں اور ایک عرصے کے بعد ختم ہو جاتے ہیں یا کوئی اور شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ ایک نسل سے دوسری نسل کی جانب منتقل ہوتے رہتے ہیں۔

**لوک ریت کی مثالیں:**

(i) ان آداب میں ملنے جلنے کے طریقے۔ (ii) کھانے اور پینے کے آداب۔ (iii) خرید و فروخت کے طریقے۔ (iv) سفر کے آداب۔ (v) مسجد کے آداب۔ (vi) والدین اور اساتذہ سے سلوک کے طریقے۔ (vii) محلے کے بزرگوں اور رشتہ داروں سے ملنے کے اصول۔ (viii) چھوٹے بچوں اور عورتوں کے ساتھ سلوک کے طریقے۔ (ix) شادی بیاہ کی رسومات۔ (x) عید اور دیگر تہواروں پر میل جول کے طریقے وغیرہ شامل ہیں۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> لوک ریت خودرو گھاس کی مانند ہوتے ہیں جو سینہ بہ سینہ اور زبان بہ زبان ایک دوسرے میں منتقل ہوتے ہیں۔

جب آنے والا السلام علیکم کہتا ہے۔ تو اُس کے جواب میں سننے والے وعلیکم السلام کہتے ہیں۔ یہ لوک ریت میں شامل ہے۔ اسی طرح والدین، اساتذہ اور بڑوں کے سامنے خاموشی اختیار کرنا اور ان کے سامنے مودب رہنا لوک ریت ہے۔ اسی طرح مسجد میں دوران نماز موبائل فون کا بجنا بھی لوک ریت کی خلاف ورزی ہے۔

**لوک ریت کی خلاف ورزی پر سزائیں:**

لوک ریت کی خلاف ورزی پر ہنسی اڑائی جاتی ہے، طنز کیا جاتا ہے، تنبیہ کی جاتی ہے اور اسے بے وقوف و احمق کہا جاتا ہے۔ جو ان کی فرمانبرداری کرتا ہے اسے اچھا شہری اور شریف انسان کہا جاتا ہے۔ معاشرے میں اس کا منصب بلند ہوتا ہے۔

## لوک ریت کی اہمیت / وظائف
## (Importance/Functions of Folkways)

**۱۔ معاشرتی ضبط کا قیام:** لوک ریت معاشرے میں بنیادی ضبط پیدا کرتے ہیں کیونکہ افراد کے کردار کو ایک خاص انداز عطا کرتے ہیں۔

**۲۔ گروہی سالمیت:** یہ ایسے رواج ہیں جن سے گروہ کے افراد ایک دوسرے کے قریب آتے ہیں

اور ان میں گروہی سالمیت پیدا ہوتی ہے۔ وہ ایک دوسرے کے متوقع کردار کو پورا کرتے ہیں۔

**۳۔ رواج کی فرمانبرداری:** یہ رواج معاشرے کے افراد پر اخلاقی دباؤ ڈالتے ہیں کہ وہ ان کی فرمانبرداری کرے جس سے معاشرہ میں ایسے افراد کا منصب بلند ہوتا ہے۔

**۴۔ سزا کا خوف:** یہ رواج معاشرے کے افراد کو ان کی خلاف ورزی پر سزا کا خوف دلاتے ہیں۔ کہ معاشرہ انہیں برا کہے گا جس سے ان کا منصب گر جائے گا۔

**۵۔ اقدار کی حفاظت:** یہ بنیادی رسم و رواج ہماری ثقافت کا گہوارہ ہیں اور ہماری ثقافت کی چھوٹی چھوٹی اقدار ان میں محفوظ رہتی ہیں۔ یعنی یہ رواج ہماری چھوٹی چھوٹی اقدار کی حفاظت کرتے ہیں۔

**۶۔ حاجات کی تسکین:** یہ رواج گروہوں کو وجود میں لاتے ہیں۔ افراد آپس میں سماجی تفاعل کرتے ہیں اور اپنی حاجات کی تسکین کے لیے گروہ بناتے ہیں جن میں رسم و رواج کے مطابق عمل کیا جاتا ہے۔

## ۲۔ معروف آداب یا شائستہ آداب
## (Mores)

معروف آداب (Morales) کسی ثقافت کے زیادہ مضبوط اور مستحکم معمولات ہوتے ہیں۔ ان کا مقام لوک ریت سے بلند ہوتا ہے۔ اس لیے ان کی اہمیت بھی معاشرے میں زیادہ ہوتی ہے۔ یہ بھی رواجی کردار کو متعین کرتے ہیں۔ یہ آداب معاشرتی زندگی کے رواجی کردار ہیں اور اچھائی اور برائی کے معیار ہیں۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> کردار کو پرکھنے کے زیادہ سخت معیار معروف آداب کہلاتے ہیں۔

### تعریف (Definition):

**ولیم گراھم سمنر** (W.G. Summner):

"معروف آداب سماجی زندگی کے رواجی طریقے ہیں اور یہ اچھائی اور برائی کے معیار ہیں۔"

"Mores are customary ways of life and are the standard of right and wrong".

**ایڈورڈ سیپیر** (Edward Sapir):

"معروف آداب ان رواجوں کا نام ہے جو کردار کو پرکھنے کے زیادہ سخت معیار ہیں جو درست اور غلط میں تفریق کرتے ہیں۔"

معروف آداب ہماری زندگی کے معیار ہیں جن کے ذریعے اچھے اور برے کردار میں تمیز کی

www.downloadclassnotes.com

جاتی ہے کوئی کردار معیار کے مطابق ہے یا نہیں، کوئی فعل معاشرے کی اقدار کے مطابق ہے یا نہیں، کوئی تصور معاشرتی اصولوں کے خلاف ہے یا نہیں۔ ان باتوں کا فیصلہ معروف آداب کرتے ہیں۔

معروف آداب بھی غیر رسمی معمولات ہیں جو کتابوں کی طرح تحریر شدہ نہیں ہوتے بلکہ معاشرتی زندگی میں ان کا رواج پایا جاتا ہے۔ یا بڑے لوگوں سے، والدین سے اور اساتذہ سے ان کو سیکھتے ہیں اُنکے کردار سے ان کا مشاہدہ کرتے ہیں یا اُن کی نصائح سے ان کے متعلق معلومات حاصل کی جاتی ہیں۔

## معروف آداب کی مثالیں:

معروف آداب کی چند مثالیں حسب ذیل ہیں جو ہمارے معاشرے میں پائی جاتی ہیں۔

۱۔ پرائے گھر میں داخل ہونے سے پہلے اجازت طلب کرنا۔
۲۔ والدین اور دینی بزرگوں کا ادب کرنا۔
۳۔ قرآن، خانہ کعبہ، مسجد اور نماز کا احترام کرنا۔
۴۔ سچ بولنا، پورا تولنا، وعدہ پورا کرنا۔
۵۔ خواتین کا احترام کرنا۔
۶۔ بائیں ہاتھ گاڑی چلانا۔
۷۔ حلال جانور کو ذبح کر کے گوشت کھانا۔
۸۔ نکاح کے بعد عورت کو بیوی بنانا۔
۹۔ حلال روزی کمانا وغیرہ وغیرہ

## معروف آداب کی خلاف ورزی پر سزائیں:

معروف آداب چونکہ سنجیدہ معاشرتی حالات کے اصول ہیں۔ اور سنجیدہ حالت میں فرد کی رہنمائی کرتے ہیں اس لیے ان پر سختی سے عمل کیا جاتا ہے۔ جو افراد ان کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ معاشرہ انہیں سخت غیر رسمی سزا دیتا ہے جس میں ان کا معاشرتی بائیکاٹ، برادری سے اخراج، زدوکوب، بے عزتی اور توہین کے علاوہ ڈانٹ ڈپٹ وغیرہ شامل ہیں۔

> **کیا آپ جانتے ہیں ؟**
> معروف آداب غیر رسمی معمولات ہیں جو کتابوں میں تحریر نہیں ہوتے۔

# معروف آداب کی اہمیت / وظائف
# (Importance/Functions of Mores)

**۱۔ افراد میں ضبط کا قیام:** معروف آداب غیر رسمی طور پر افراد میں ضبط قائم کرتے ہیں۔ یعنی رسمی اداروں (پولیس، عدالت وغیرہ) کے بغیر ہی معاشرے میں کنٹرول قائم کرتے ہیں۔

**۲۔ اقدار کی حفاظت:** معروف آداب معاشرے کی سنجیدہ اور گہری اقدار کی حفاظت کرتے ہیں۔ جن میں مال و جان کی حفاظت، عزت و آبرو کا خیال اور گرانقدر مذہبی اقدار شامل ہیں۔

**۳۔ یکجہتی کو فروغ:** معروف آداب معاشرے کے افراد میں باہمی سلوک، باہمی اعتماد اور یک جہتی کے جذبات پیدا کرتے ہیں۔ لوگوں کی رائے کو ایک رخ میں ڈھالتے ہیں۔ جس سے ان میں یکسانیت و باہمی سلوک کے نمونے پیدا ہوتے ہیں۔

**۴۔ برائیوں کا خاتمہ:** معروف آداب معاشرے میں غنڈہ گردی، آوارگی، شراب، زنا، جواء بازی اور دیگر مخرب اخلاق عادات کو دباتے ہیں اور ان کا قلع قمع کرتے ہیں۔

**۵۔ ثقافتی اقدار کی حفاظت:** معروف آداب معاشرے میں ثقافتی اقدار کی حفاظت کرتے ہیں جن میں خاص طور پر عورتوں کی عزت و ناموس کی حفاظت شامل ہے نیز دینی بزرگوں کا ادب، مسجد، نماز، قرآن کریم اور بیت اللہ شریف کا احترام شامل ہے۔

**۶۔ لوک ریت و قانون میں تعلق:** معروف آداب لوک ریت سے بھی تعلق قائم رکھتے ہیں کیونکہ کئی لوک ریت اہمیت پا کر معروف آداب بن جاتے ہیں۔ اور قانون سے بھی ان کا تعلق قائم رہتا ہے۔ کیونکہ بہت سے معروف آداب قانون میں بدلتے رہتے ہیں۔

## ۳۔ قوانین
## (Laws)

یہ وہ رسمی معمولات ہیں جو کتابوں میں موجود ہیں، قوانین قانون کی کتابوں میں پائے جاتے ہیں۔ وکیل انہی قوانین پر مہارت حاصل کرتا ہے۔ قوانین کی خلاف ورزی پر پولیس مداخلت کرتی ہے اور عدالتوں میں جرم ثابت ہونے پر جیلوں میں سزا دی جاتی ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> جب معاشرتی معمولات تحریری اصول بن جاتے ہیں تو وہ قوانین کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

**تعریف (Definition):**

"اصولوں کا ایسا مجموعہ جنہیں ریاست منظور کرتی ہے اور عدالتوں کے ذریعے نافذ کرتی ہے۔ قوانین کہلاتے ہیں۔"

**ھالینڈ کے مطابق:**

"قانون مقتدرِ اعلیٰ کے ہاتھ میں ایک طاقت ہے جو افراد کی ظاہری حرکات و سکنات کو گرفت میں لاتا ہے۔"

**شنکر راؤ کے مطابق:**

"زندگی گزارنے کے تحریری اصول و ضابطے جو کسی ادارہ کی طرف سے لاگو کئے جائیں۔

قوانین کہلاتے ہیں۔"

قانون معاشرے کو کنٹرول کرنے کا سب سے موثر ہتھیار ہے۔ یہ ایسی مشینری ہے جس کے ذریعے پورا معاشرہ اپنے اپنے کارہائے منصب کو ٹھیک انجام دیتا ہے۔

قانون کو بنانے والے اداروں کا نام ہمارے ہاں مجلس شوریٰ اور اسلامی نظریاتی کونسل ہے۔ یہ سب سے بڑے ادارے ہیں جو قانون بناتے ہیں۔ قانون میں ترمیم کرتے ہیں اس میں اضافہ کرتے ہیں یا قانون کو رد کرتے ہیں۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
>
> قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانہ، قید و پھانسی جیسی سزائیں ہوتی ہیں۔

**قوانین کی مثالیں:**

چوری نہ کرنا، ڈاکہ نہ ڈالنا، ٹریفک قوانین کی پابندی کرنا، قتل و غارت نہ کرنا، کسی کو ناحق تنگ نہ کرنا وغیرہ۔

**قوانین کی خلاف ورزی پر سزائیں:**

قانون کی خلاف ورزی جرم کہلاتی ہے اور اس پر مختلف سزائیں دی جاتی ہیں جن میں جرمانہ، قید اور پھانسی جیسی سزائیں شامل ہیں۔ جرم کرنے والے فرد کو مجرم کہتے ہیں۔

## قانون کی اہمیت / وظائف
## (Importance/Functions of Law)

**۱۔ سماجی ضبط کا حصول:** قانون معاشرے میں سخت سماجی ضبط قائم کرتا ہے۔ مجرموں کو سزا دیتا ہے۔

**۲۔ انصاف کا قیام:** قانون معاشرے میں انصاف قائم کرتا ہے اور سزا دیتے وقت کسی کے ساتھ رعایت نہیں کرتا۔

**۳۔ گروہی سالمیت:** قانون افراد میں تنظیم پیدا کرتا ہے جس کے تحت لوگوں کی گروہی زندگی میں سالمیت مستحکم ہوتی ہے۔

**۴۔ سکون کا ذریعہ:** قانون لوگوں کو سکون کی زندگی مہیا کرتا ہے۔ تاکہ وہ آرام کی زندگی بسر کریں اور مجرموں سے تحفظ دلاتا ہے۔

**۵۔ تربیت کا نظام:** قانون معاشرے کے تمام اداروں میں معمولات کی تربیت کا نظام قائم کرتا ہے۔ تمام ادارے قانون کے مطابق چلتے ہیں۔

**۶۔ حالات واقعات کا تعین:** قانون معاشرتی حالات و واقعات کا تعین کرتا ہے جو واقعہ اور جن

حالات میں رونما ہوا اس کی حد بندی کر کے اس پر سزا کا تعین کرتا ہے۔

معمولات کی اقسام

| قسم | کیفیت | اہمیت | خلاف ورزی کی کیفیت | خلاف ورزی پر سزا |
|---|---|---|---|---|
| لوک ریت | غیر رسمی | کم اہم | انحراف + بُرائی | غیر رسمی |
| معروف آدب | غیر رسمی | زیادہ اہم | انحراف + بُرائی | غیر رسمی |
| قوانین | رسمی | سب سے زیادہ اہم | جرم + انحراف + بُرائی | رسمی |

## لوک ریت، معروف آداب اور قانون میں تعلق
## (Relationship between Folk Ways, Mores and Law)

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> قوانین سب سے سخت ترین معمولات ہیں۔

لوک ریت اور معروف آداب دونوں غیر رسمی معمولات ہیں۔ غیر تحریر شدہ ہیں۔ اس لیے ان کی خلاف ورزی کوئی جرم نہیں۔ معاشرتی برائی ضرور سمجھی جاتی ہے۔ قانون رسمی معمولات میں شامل ہے۔ تحریر شدہ ہے اس لیے اس کی خلاف ورزی جرم کہلاتی ہے جس پر رسمی سزا عائد کی جاتی ہے۔

یہ تینوں اصل میں معاشرے کے مروّجہ رسم ورواج ہیں۔ لوک ریت بنیادی اور کم اہم رواج ہیں۔ معروف آداب زیادہ اہم رواج ہیں اور قوانین معاشرتی زندگی کے تحفظ کے لیے نہایت اہم رواج ہیں جو تحریر کر لیے گئے ہیں۔ فرق یہ ہے کہ قوانین نہایت اہم اور مستحکم ہوتے ہیں جبکہ لوک ریت اور معروف آداب کم اہم ہوتے ہیں۔ ان تینوں کو اگر سالمیت اور پختگی سے تعبیر کرنا چاہیں تو ان کی مثالیں یہ ہوں گی۔

۱ ← ۲ ← ۳

لوک ریت ← معروف آداب ← قانون

کچی اینٹ ← پکی اینٹ ← پتھر

یعنی لوک ریت کا مقام کچی اینٹ کا، معروف آداب کا مقام پکی اینٹ کا اور قانون کا رتبہ پتھر کا ہے اور یہ تینوں ایک مرحلے سے دوسرے مرحلے میں ڈھل جاتے ہیں۔ کچھ رواج جو کل لوک ریت تھے آج معروف آداب میں بدل گئے اور کل شاید قانون بنا دیئے جائیں۔ لیکن یہ چکر الٹا بھی چلتا ہے کہ قانون کو معروف آداب اور معروف آداب کو لوک ریت کا مقام ملتا رہتا ہے۔

# معاشرتی مستحبات
# (Social Sanctions)

معاشرہ معمولات کا نظام قائم کر کے اس پر عمل کرنے کا نظام بھی قائم کرتا ہے۔ اگر معمولات پر عمل نہ کیا جائے تو معاشرتی معمولات بے کار ہو جائیں اور معاشرہ بدنظمی کا شکار ہو۔ معمولات پر عمل کرانے کے دو ہی طریقے ہیں۔ فرمانبرداری کرنے والوں کو انعام و اکرام دیا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا دی جائے۔ اس طرح دوہرا طریقہ پایا جاتا ہے۔ جو لوگ معاشرتی معمولات کے مطابق زندگی گزارتے ہیں۔ لوگ ان کی تعریف کرتے ہیں اُن سے خوش ہو کر انہیں اچھے لفظوں سے پکارتے ہیں ان کا احترام کرتے ہیں محلے یا گاؤں میں اُن کا معاشرتی منصب بلند ہوتا ہے۔ دوسرے وہ لوگ ہیں جو ان معمولات کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ ایسے افراد کو معاشرے میں اچھا نہیں سمجھا جاتا۔ اُن پر تنقید کی جاتی ہے لوگوں میں اُن کی رسوائی ہوتی ہے۔ منہ پر بھی اُن کی برائی کی جاتی ہے اور پیٹھ پیچھے بھی۔ ان میں سے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو پولیس کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔ ایسے لوگوں کا اپنے محلے یا گروہ میں معاشرتی رتبہ گر جاتا ہے۔ یہ معاشرتی سزا معاشرتی معمولات کی خلاف ورزی کرنے والوں کو دی جاتی ہے۔ اس سزا کے خوف سے اور انعام کی امید کرتے ہوئے معاشرے کے افراد معمولات کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔ اس کو معاشرتی مستحبات کہتے ہیں۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> انعام اور سزا کے نظام کو معاشرتی مستحبات کہتے ہیں۔

## تعریف (Definition):

**ینگ اور میک** (Young and Mack) نے معاشرتی مستحبات کی تعریف میں لکھا ہے:

"وہ انعام یا سزا جو معاشرتی نظم و ضبط قائم کرنے کے لیے یعنی معاشرے میں معروف آداب پر عمل کرانے کے لیے ہوتی ہیں اسے معاشرتی مستحبات کہتے ہیں۔"

**ھنس راج** (Hans Raj) کے مطابق:

"افراد کے کردار کو معاشرے کے معیار پر پرکھنے کے لئے سزا و جزا کے نظام کو معاشرتی مستحبات کہتے ہیں۔"

"System of Reward and punishment in order to maintain social control is called social sanctions".

**بورگاٹا** (Borgatta) کے خیال میں:

"سزا و جزا کا نظام جو افراد کے کردار کو کنٹرول کرتا ہے اور اُن کو معمولات کی پیروی کرنے پر مجبور کرتا ہے مستحبات کہلاتا ہے۔"

# معاشرتی مستحبات کی اہمیت / وظائف
# (Importance/Functions of Social Sanctions)

**ا۔ ترغیب کو فروغ:** معاشرتی مستحبات افراد میں ترغیب اور ترہیب کی راہ ہموار کرتے ہیں معمولات کی تابعداری کے لیے ہر بڑا چھوٹے کو، استاد شاگرد کو اور والدین اپنے بچوں کو نصیحت کرتے ہیں۔ تعلیمی ادارے، مذہبی ادارے اور خاندان ترغیب و تربیت میں خصوصی طور پر مصروف رہتے ہیں۔

**۲۔ امید و خوف کے درمیان توازن:** مستحبات افراد کو امید و خوف کے درمیان متوازن رکھتے ہیں۔ نہ اتنی امید کہ خوف ہی نہ ہو اور نہ اتنا خوف کہ عمل کی طاقت بھی نہ رہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلْاِیْمَانُ بَیْنَ الْخَوْفِ وَالرَّجَا۔

ترجمہ: "ایمان خوف اور امید کے درمیان ہوتا ہے۔"

اس حدیث سے بھی معاشرتی مستحبات کی شاندار اہمیت واضح ہوتی ہے کہ فرد مومن اس صورت میں ہے جب اس میں امید بھی ہو اور خوف بھی۔ اور ان دونوں کے درمیان قائم رہے۔

**۳۔ اقدار کی منتقلی:** مستحبات ثقافتی اقدار کو ہماری معاشرتی زندگی میں جاری رکھتے ہیں۔ وہ اقدار جو ہمارے آباؤ اجداد کی زندگی میں مقبول تھیں ان پر عمل کی راہ کھلتی ہے اس طرح ثقافتی اقدار ایک نسل سے دوسری نسل کی جانب منتقل ہوتی ہیں اور یہ سب کام معاشرتی مستحبات کا ہے۔ اس طرح ثقافتی اقدار کا تحفظ ہوتا ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> تعریف اور خوشامد کرنا مثبت غیر رسمی مستحبات ہیں۔

**۴۔ قریبی تعاون کا ذریعہ:** مستحبات افراد میں باہمی امیدوں کا رشتہ قائم کرتی ہیں جس سے گروہی زندگی میں پختگی اور سالمیت پیدا ہوتی ہے معاشرے کے افراد ایک دوسرے کے ساتھ قریبی تعاون قائم کرتے ہیں۔

**۵۔ فرد کی تربیت:** مستحبات کے نظام کو کامیاب بنانے کے لیے معاشرے نے تربیتی ادارے قائم کیے ہیں۔ جن میں خاندان، تعلیم، مذہب، سیاست اور معیشت کے ادارے شامل ہیں۔ یہ ادارے افراد کی تربیت مستحبات کی صورت میں کرتے ہیں۔

**۶۔ قانون کی پاسداری:** مستحبات کی وجہ سے ہی معاشرے کے افراد معاشرتی معمولات پر عمل کرتے ہیں۔ قانون کی خلاف ورزی سے پرہیز کرتے ہیں اور معاشرے میں سکون کی زندگی پائی جاتی ہے۔

## معاشرتی مستحبات کی قسمیں
## (Types of Social Sanctions)

مستحبات کی اقسام درج ذیل ہیں:

۱۔ مثبت مستحبات ۲۔ منفی مستحبات ۳۔ رسمی مستحبات ۴۔ غیر رسمی مستحبات

### ۱۔ مثبت مستحبات (Positive Sanctions):

"وہ افعال جن میں جوابی طور پر انعام دیا جائے مثبت مستحبات کہلاتے ہیں۔"

مثبت مستحبات کی مثالیں یہ ہیں۔ تعریف کرنا، خوشامد کرنا، ہدایت دینا، اشتہار بازی اور پروپیگنڈہ کے ذریعے کسی چیز کی تعریف کرنا، رغبت دلانا، سند دینا، انعام دینا، تمغے، وردی اور اعزازی نشان وغیرہ وغیرہ شامل ہیں۔

مثبت مستحبات (Positive Sanctions) میں مندرجہ ذیل طریقے یا اقسام شامل ہیں۔

**۱۔ تعریف:** یہ وہ انعام ہے جو الفاظ کی شکل میں ادا کیا جاتا ہے اور خاص طور پر اونچے درجے سے نچلے درجے کی جانب ہوتا ہے۔ مثلاً اچھا کام کرنے پر شاباش کا ملنا وغیرہ۔

**۲۔ خوشامد:** یہ جھوٹی، مبالغہ آمیز اور ناجائز تعریف ہے اور معاشرے کا ایک موثر ہتھیار ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> دھمکی اور گالی دینا غیر رسمی منفی مستحبات کی قسم ہے۔

**۳۔ رغبت:** یہ بھی مندرجہ بالا ترکیبوں کی طرح افرد کو ایک مخصوص طرز عمل اختیار کرنے کی راہ ہموار کرتی ہے۔ اس میں فرد کو کام کرنے سے پہلے یا دوران کام اس کے اندر کوئی مثبت پہلو دکھا کر فرد کی کام کی طرف رغبت دلائی جاتی ہے۔

**۴۔ نعرہ:** مطلوبہ مقاصد کی جانب نعرہ بھی افراد کو راغب کرتا ہے۔

**۵۔ انعام:** کسی فرد کو بہتر کارکردگی کے صلے میں انعامات سے نوازا جاتا ہے۔ تمغے (Medals) دیئے جاتے ہیں جن سے عمل کرنے والوں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ اسی طرح وردی

(Unirform) اور نشان (Insignia) اور تعریفی اسناد کسی خوبی کو نمایاں کرنے کے لیے عطاء کئے جاتے ہیں۔

### ۲۔ منفی مستحبات (Negative Sanctions):

"وہ افعال جن میں تکلیف اور سزا کی دھمکی دی جاتی ہے۔ منفی مستحبات کہلاتے ہیں۔"

منفی مستحبات کی مثالیں حسب ذیل ہیں۔ گپ شپ، ہنسی مذاق، ہجو کرنا، توہین آمیز کلمات کہنا، گالی دینا، قید کرنا، دھمکی دینا، سنسر شپ لگانا، جرمانہ عائد کرنا اور پھانسی دینا وغیرہ۔

منفی مستحبات میں مندرجہ ذیل طریقے یا اقسام شامل ہیں۔

**۱۔ گپ شپ:** گپیں افراد میں رائے عامہ قائم کرتی ہیں اور عام طور پر لوگوں پر ان کے ذریعے تنقید کی جاتی ہے۔

**۲۔ ہجو:** مزاح اور تنقید کا ایک ایسا ذہنی امتزاج جو افراد میں قائم ہو ہجو کہلاتا ہے۔ یہ فرد کی خامیاں ظاہر کرنے کا ایک انداز ہے۔

**۳۔ دوسروں پر ہنسنا:** یہ قدیم ترین مستحبات میں سے ایک ہے۔ یہ سزا کا نہایت موثر ذریعہ ہے۔ جب کسی کا مذاق اڑایا جاتا ہے تو وہ جس گروہ سے وابستہ تھا۔ اس میں تنہا رہ جاتا ہے اور اپنے آپ کو غیر محفوظ سمجھنے لگتا ہے۔

**۴۔ گالی دینا:** جس سے نفرت ہو اس پر ایسے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں جس سے اسے نقصان ہوتا ہے۔ اس کا معاشرتی مقام گر جاتا ہے۔

**۵۔ احکامات:** کام کرنے یا نہ کرنے کا طریقہ بذریعہ الفاظ حکم کہلاتا ہے۔ یہ بھی معاشرتی ضبط کا موثر ذریعہ ہے۔ اس میں براہ راست طاقت کا استعمال ہوتا ہے۔

**۶۔ دھمکی:** زبانی مستحبات میں یہ بہت سخت ترکیب ہے۔ اس میں طاقت کا اظہار کیا جاتا ہے۔ اگر دھمکی کامیاب نہ ہو تو فرد نقصان پہنچانے کے لئے طاقت استعمال کرتا ہے۔

**۷۔ سنسر شپ:** رائے کے اظہار کو روکنے کے لئے یہ طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں حکم یا اختیار پایا جاتا ہے۔

**۸۔ جسمانی سزا:** جب کوئی طریقہ کامیاب نہ ہو تو جسمانی سزا کا طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔ جس میں جرمانہ کیا جاتا ہے۔ قید کیا جاتا ہے کوڑے مارے جاتے ہیں یا اسے پھانسی دے دی جاتی ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

رسمی معمولات کو قوانین بھی کہتے ہیں۔

www.downloadclassnotes.com

### ۳۔ رسمی مستحبات (Formal Sanctions):

رسمی وہ مستحبات ہیں جنہیں قانون کی شکل حاصل ہو۔ یا کسی مقرر شدہ اصول و ضابطے کے مطابق عمل میں آتے ہوں۔ ان میں مثبت اور منفی دونوں قسم کے مستحبات شامل ہیں۔ ان میں اشتہار بازی، ریڈیو اور ٹی وی کے ذریعے شہرت، انعام دینا، تمغے دینا، وردی و اعزازی نشانات دینا اور سول و فوجی اعزازات شامل ہیں۔ یونیورسٹی کے گریجویٹ کو گاؤن پہننے کی اجازت حاصل ہونا اور ڈگری کا ملنا بھی رسمی مستحبات ہیں۔ کسی کے خلاف احک-امات جاری کرنا، سنسرشپ لگانا، جرمانہ عائد کرنا اور پھانسی دینا وغیرہ رسمی مستحبات میں شامل ہیں۔

### ۴۔ غیر رسمی مستحبات (Informal Sanctions):

غیر رسمی وہ مستحبات ہیں جن کے لیے کوئی قانونی یا مقرر شدہ ضابطہ موجود نہ ہو۔ بلکہ معاشرے میں ان کا استعمال حالات کے مطابق ہوتا ہو۔ ان میں بھی مثبت و منفی مستحبات شامل ہیں۔ تعریف کرنا، خوشامد کرنا، کسی تقریب میں مدعو ہونا، ہدایت دینا رغبت دلانا، نعرہ لگانا، ہنسی و مذاق کرنا، گپ شپ لگانا، گالی دینا، دھمکی دینا وغیرہ۔ غیر رسمی مستحبات ہیں۔ یہ مستحبات حالات کے ساتھ ساتھ بدلتے رہتے ہیں کیونکہ یہ تحریر شدہ نہیں ہوتے۔ اور ان کے اوپر کوئی قانون بھی لاگو نہیں ہے۔ افراد کی مرضی پر ہے کہ وہ ان کی وجہ سے متاثر ہو کر معمولات پر عمل کریں یا نہ کریں۔ اگر عمل کریں گے تو گروہی زندگی خوشگوار ہوگی اگر نہیں کریں گے تو لوگوں میں رہن سہن مشکل اور بھاری ہوگا۔

| مستحبات کی قسم | مستحبات کی حالتیں |
| --- | --- |
| مثبت رسمی مستحبات | سند، میڈل، نقد انعام، تعریفی سند |
| مثبت غیر رسمی مستحبات | تعریف، نعرہ، خوشامد، رغبت |
| منفی غیر رسمی مستحبات | ڈانٹ ڈپٹ، دھمکی، گالی، تنقید، جسمانی سزا |
| منفی رسمی مستحبات | جرمانہ، قید، پھانسی وغیرہ |

## اہم سوالات

۱۔ معاشرتی معمولات سے کیا مراد ہے؟ یہ کس طرح معاشرے میں ضبط قائم کرتے ہیں؟
۲۔ معاشرتی معمولات کی تعریف کریں؟ کسی ایک قسم پر نوٹ لکھیں۔
۳۔ مستحبات کی تعریف کریں۔ ان کی قسمیں کون کون سی ہیں۔ کسی ایک پر نوٹ لکھیں۔
۴۔ رسمی اور غیر رسمی معمولات کیا ہیں؟ یہ کس طرح معاشرے میں ضبط قائم کرتے ہیں؟

# مختصر سوالات وجوابات

☐ درج ذیل سوالات کے مختصر مگر جامع جواب دیں اور کوئی بھی جواب دو یا تین سطروں سے زیادہ نہ ہو۔

**-1 معاشرتی معمولات کی تعریف لکھیں۔ یا معاشرتی معمولات سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ معاشرتی معمولات انسانی کردار کے ایسے رہنما اصول ہیں جنہیں افراد اپنے مقاصد کے حصول میں استعمال کرتے ہیں۔ (آگبرن اینڈ نمکاف)

**-2 معاشرتی معمولات کے کوئی سے دو وظائف بیان کریں؟**

جواب۔ ☆ معاشرتی معمولات افراد کی معاشرے میں رہنمائی کرتے ہیں۔

☆ معاشرتی معمولات افراد کے کردار کو معاشرتی حالت کے مطابق کنٹرول کرتے ہیں۔

**-3 معاشرتی معمولات کیوں ضروری ہیں؟/معاشرتی معمولات کا کردار تحریر کریں۔**

جواب۔ ☆ معاشرتی ضبط کے حصول کے لیے۔

☆ افراد کی تربیت کے لیے۔

**-4 معاشرتی معمولات کی اقسام بتائیں۔**

جواب۔ معاشرتی معمولات کی اقسام درج ذیل ہیں:

☆ لوک ریت یا مروجہ آداب ☆ معروف آداب' اور

☆ قوانین

**-5 لوک ریت سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟**

جواب: "لوک ریت معاشرے کے منظور کردہ انداز زندگی ہیں جو تفاعل کی پیداوار ہیں جو ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔" (ولیم گراہم سمنر)

**-6 لوک ریت کس طرح وجود میں آتے ہیں؟**

جواب۔ لوک ریت کو خودرو گھاس کی طرح بتایا گیا ہے جو خود بخود پیدا ہوتی ہے اور خود مٹ جاتی ہے اسی طرح لوک ریت بھی معاشرتی زندگی میں خود بخود پیدا ہوتے ہیں اور ایک عرصے کے بعد ختم ہو جاتے ہیں یا کوئی اور شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

**-7 لوک ریت ایک نسل سے دوسری نسل میں کس طرح منتقل ہوتے ہیں؟**

جواب۔ لوک ریت غیر رسمی معمولات ہیں یہ کسی کتاب میں تحریر شدہ نہیں ہیں بلکہ سند بہ سند زبان بہ زبان ایک نسل سے دوسری نسل کی طرف منتقل ہوتے چلے آئے ہیں جس طرح بڑوں سے سنا' والدین اور اساتذہ کو کرتے دیکھا۔

www.downloadclassnotes.com

**-8 لوک ریت کی اہمیت / خصوصیات یا وظائف پر دو نقاط بیان کریں؟**

جواب۔ ☆ لوک ریت افراد کو رواج کی فرمانبرداری سکھاتے ہیں۔
☆ لوک ریت معاشرتی اقدار کی حفاظت کرتی ہیں۔

**-9 معروف آداب سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟**

جواب: "معروف آداب ان رواجوں کا نام ہے جو کردار کو پرکھنے کے زیادہ سخت اور درست اور غلط کے معیار ہیں۔" (ایڈورڈ سپیر)

**-10 معروف آداب کس طرح سیکھے جاتے ہیں؟**

جواب۔ یہ عام طور پر کتابوں میں تحریر ہوتے ہیں اور ہماری معاشرتی زندگی میں ان کا رواج پایا جاتا ہے یہ بزرگوں سے، والدین سے، اساتذہ سے بھی سیکھے جاتے ہیں۔

**-11 معروف آداب کی خلاف ورزی پر کون سی سزائیں دی جاتی ہیں؟**

جواب۔ معروف آدب کی خلاف ورزی پر معاشرہ غیر رسمی سزائیں دیتا ہے جس میں معاشرتی بائیکاٹ، برادری سے اخراج، زدوکوب، بے عزتی، توہین کے علاوہ ڈانٹ ڈپٹ شامل ہیں۔

**-12 معروف آداب کی اہمیت / وظائف / خصوصیات پر دو نقاط بیان کیجئے؟**

جواب۔ ☆ معروف آداب معاشرہ میں ضبط قائم کرتے ہیں۔
☆ معروف آداب معاشرتی اقدار کی حفاظت کرتے ہیں۔

**-13 قوانین سے کیا مراد ہے یا قانون کی تعریف کیجئے۔**

جواب: "زندگی گزارنے کے تحریری اصول وضابطے جو کسی ادارہ کی طرف سے لاگو کئے جائیں۔ قوانین کہلاتے ہیں۔" (شنکر راؤ)

**-14 ایسے دو معروف آداب کے نام بتائیں جو اب قانون کی شکل اختیار کر چکے ہیں؟**

جواب۔ ☆ پتنگ بازی اب قانون کی خلاف ورزی ہے۔
☆ شادی میں مختلف اقسام کے کھانوں کا اہتمام کرنا اب قانون کی خلاف ورزی ہے۔

**-15 قانون کی اہمیت / وظائف پر دو نقاط بیان کریں؟**

جواب۔ ☆ قوانین معاشرہ میں انصاف قائم کرتے ہیں۔
☆ قوانین معاشرہ میں سماجی ضبط قائم کرتے ہیں۔

**-16 قوانین کی خلاف ورزی پر کس قسم کی سزا نافذ ہوتی ہے؟**

جواب۔ قوانین کی خلاف ورزی پر رسمی سزائیں نافذ ہوتی ہیں جیسے پھانسی، قید، جرمانہ۔

**-17 معاشرتی مستجبات کی تعریف کریں؟**

جواب۔ وہ انعام یا سزا جو معاشرتی نظم و ضبط قائم کرنے کے لیے یعنی معروف آداب پر عمل درآمد

کرانے کے لیے ہوتی ہیں اسے معاشرتی مستجبات کہتے ہیں۔ (ینگ اینڈ میک)

**-18 معاشرتی مستجبات کی دو اہمیت یا وظائف بتائیں؟**

جواب۔ ☆ معاشرتی مستجبات ثقافتی اقدار کو ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل کرتے ہیں۔
☆ معاشرتی مستجبات افراد کی تربیت کرتے ہیں۔

**-19 مثبت مستجبات کی تعریف کریں؟**

جواب۔ وہ افعال جن کے جواب میں فاعل کو انعام دیا جائے مثبت مستجبات کہلاتے ہیں۔

**-20 منفی مستجبات سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ وہ افعال جن میں تکلیف یا سزا کی دھمکی دی جاتی ہے منفی مستجبات کہلاتے ہیں۔

**-21 منفی رسمی مستجبات کی تعریف کریں۔**

جواب۔ ایسی مستجبات جن میں سزا یا دھمکی جرمانہ ہو اور وہ کسی ادارہ کی طرف سے لاگو ہو منفی رسمی مستجبات کہلاتی ہیں۔ جیسے ٹریفک سگنل کاٹنے پر ۳۰۰ روپے جرمانہ کیا جاتا ہے۔ قتل کرنے پر پھانسی دی جاتی ہے وغیرہ یہ سزائیں رسمی معمولات کی خلاف ورزی پر دی جاتی ہیں۔

**-22 کوئی سی چار منفی مستجبات بتائیں؟**

جواب۔ منفی مستجبات کی چار اقسام درج ذیل ہیں:
☆ جسمانی سزا یا جیل بھیجنا۔ ☆ دھمکی دینا۔
☆ سنسر شپ۔ ☆ دوسروں پر ہنسنا۔

**-23 منفی غیر رسمی مستجبات کی تریف کریں۔**

جواب۔ ایسی مستجبات جن میں سزا' مار پیٹ' ڈانٹ ڈپٹ ہوں اور وہ ادارہ کی بجائے خاندان' دوست' اہل علاقہ یا معاشرہ کی طرف سے لاگو ہوں۔ منفی رسمی مستجبات کہلاتی ہیں۔

**-24 کوئی سی چار منفی غیر رسمی مستجبات بتائیں؟**

جواب۔ منفی غیر رسمی مستجبات درج ذیل ہیں:
☆ گالی دینا ☆ دوسروں پر طنز آہنسا ☆ دھمکی دینا ☆ جسمانی سزا یا مارنا

**-25 چار منفی رسمی مستجبات کونسی ہیں؟**

جواب۔ منفی رسمی مستجبات درج ذیل ہیں:
☆ جیل بھیجنا ☆ چالان کرنا ☆ پھانسی دینا ☆ امتحان میں فیل ہونا

**-26 مثبت رسمی مستجبات کی تعریف کریں۔**

جواب۔ رسمی معمولات کی پیروی و اطاعت کرنے پر جو انعام یا جزا ملتی ہے اسے مثبت رسمی مستجبات کہتے ہیں۔ جیسے بورڈ میں ٹاپ کرنے والوں کو میڈل دیا جاتا ہے۔ ان رسمی مستجبات میں میڈل'

سرٹیفکیٹ' شیلڈ' تمغے' عہدہ میں ترقی وغیرہ شامل ہیں۔

27- **چار مثبت رسمی مستحبات تحریر کریں؟**

جواب۔ مثبت رسمی مستحبات درج ذیل ہیں:

☆ تمغہ دینا ☆ تعریفی سند دینا ☆ وظیفہ دینا☆وردی یا اعزازی نشان دینا

28- **مثبت غیر رسمی مستحبات کی تعریف کریں۔**

جواب۔ وہ انعام و اکرام و جزا جو غیر رسمی معمولات کی پیروی کرنے پر خاندان' دوست احباب' رشتہ دار یا معاشرہ کے لوگوں کی طرف سے دی جاتی ہے مثبت رسمی مستحبات کہلاتے ہیں۔ ان میں شاباش' تھپکی' تعریف وغیرہ شامل ہیں۔

29- **چار مثبت غیر رسمی مستحبات کونسی ہیں؟**

جواب۔ مثبت غیر رسمی مستحبات درج ذیل ہیں:

☆ تعریف کرنا☆ تعریفا نعرہ لگانا ☆ ترغیب دینا ☆ خوشامد کرنا

# کثیر الانتخابی سوالات(MCQs)

☐ مندرجہ ذیل میں ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب پر ٹک (✓) کریں۔

1- فرد کا معاشرے میں معمولات کی پیروی سے مقام ہوتا ہے؟
(a) بلند (b) نیچا (c) فرق نہیں پڑتا (d) کوئی نہیں

2- کار منصب کی انجام دہی کے لیے ضروری ہے؟
(a) معاشرتی معمولات (b) انحراف (c) ذات (d) معاشرتی مسئلہ

3- فرد معمولات کی بنیادی تربیت لیتا ہے؟
(a) رسالوں سے (b) والدین سے (c) انٹرنیٹ سے (d) محلہ داروں سے

4- قانون ساز ادارہ کون سا ہے؟
(a) سماجی گروہ (b) والدین (c) معاشی ادارہ (d) قومی وصوبائی اسمبلیاں

5- قانون کی خلاف ورزی پر کس قسم کی سزا ہوتی ہے؟
(a) غیر رسمی (b) سزا نہیں ہوتی (c) رسمی (d) کوئی نہیں

6- معاشرتی زندگی کے تحفظ کے لیے سب سے اہم معمولات؟
(a) لوک ریت (b) معروف آداب (c) قوانین (d) کوئی نہیں



www.downloadclassnotes.com

-7 معاشرتی معمولات کیا ہیں؟
(a) معاشرتی زندگی کے معیار (b) شادی کے طریقے
(c) کھانے پینے کے آداب (d) ثقافت

-8 معاشرتی مستحبات کیا ہیں؟
(a) معمولات پر عمل کے لیے انعام یا سزا کا نظام (b) سزا کا خوف
(c) اخلاق کے نمونے (d) اقدار

-9 رسمی مثبت مستحب؟
(a) پھانسی (b) جرمانہ (c) چالان (d) تمغہ

-10 غیر رسمی منفی مستحب ہے؟
(a) طنز/ہنسنا (b) شاباش (c) تمغہ (d) سرٹیفکیٹ

-11 معمولات میں سب سے سخت گیر اور اہم کون سا ہے؟
(a) لوک ریت (b) معروف آداب (c) قوانین (d) آداب

-12 معمولات میں سماجی ضبط کا سب سے ہلکا معیار کون سا ہے؟
(a) لوک ریت (b) قوانین (c) معروف آداب (d) ان میں سے کوئی نہیں

-13 قوانین ہوتے ہیں؟
(a) رسمی معمولات (b) غیر رسمی معمولات (c) اقدار (d) سزا

-14 معمولات پر عمل درآمد کرانے کے لئے انعام و سزا کا نظام کہلاتا ہے؟
(a) قوانین (b) معاشرتی مستحبات (c) اقدار (d) ان میں سے کوئی نہیں

-15 جرمانہ، قید اور سزائے موت مستحبات کی کون سی اقسام ہیں؟
(a) مثبت (b) منفی (c) رسمی منفی (d) غیر رسمی منفی

-16 منفی مستحب میں شامل ہے؟
(a) سند (b) تمغہ (c) سزا (d) جزا

-17 معاشرتی معمولات کی پختہ ترین اور مستحکم صورت ہے؟
(a) شائستہ آداب (b) قوانین (c) لوک ریت (d) غیر معروف آداب

-18 ڈپلومہ، سرٹیفکیٹ وغیرہ مستحبات کی قسم ہے؟
(a) منفی (b) رسمی مثبت مستحبات (c) مثبت مستحبات (d) غیر رسمی مستحبات

-19 لوک ریت معاشرتی معمولات کی قسم ہے؟
(a) منفی (b) رسمی منفی (c) غیر رسمی منفی (d) غیر رسمی

-20 غیر رسمی معمولات ہیں؟
(a) منصب (b) قوانین (c) معروف آداب (d) مستحبات

-21 مثبت مستحبات کا مطلب ہے؟
(a) جزا (b) سزا (c) وفا (d) خوراک

-22 لوک ریت سے زیادہ سنجیدہ اصول؟
(a) قوانین (b) معروف آداب (c) غیر معروف آداب (d) کوئی نہیں

-23 سچ بولنا ہے؟
(a) معروف آداب (b) قانون (c) معاشرتی مستحبات (d) معاشرتی عمل

-24 معمولات کی کونسی قسم تحریری ہوتی ہے؟
(a) معروف آداب (b) لوک ریت (c) قوانین (d) ان میں سے کوئی نہیں

-25 دھمکی دینا ہے؟
(a) معاشرتی معمولات (b) منفی مستحبات (c) مثبت مستحبات (d) گناہ

-26 سماجی ضبط کے لئے درکار ہے؟
(a) سزا (b) ذات (c) عمرانیات (d) معاشرتی عمل

-27 مذہبی معمولات کی خلاف ورزی کہلاتی ہے؟
(a) ثقافتی انحراف (b) جرم (c) معاشرتی ضبط (d) معاشرتی تغیر

-28 جرم کا.....سے تعلق ہے؟
(a) قوانین (b) معروف آداب (c) روایات (d) جدت

-29 معاشرتی معمولات کی اقسام کی تعداد؟
(a) 2 (b) 6 (c) 3 (d) 5

-30 لوک ریت.....قسم کے معمولات ہیں؟
(a) رسمی (b) غیر رسمی (c) اتفاقی (d) کوئی نہیں

-31 کم اہمیت کے حامل معمولات ہیں؟
(a) قوانین (b) معمولات (c) لوک ریت (d) a اور b

-32 لوک ریت کی خلاف ورزی کہلاتی ہے؟
(a) انحراف (b) جرم (c) کامیابی (d) گناہ

-33 لوک ریت کی خلاف ورزی پر سزا ملتی ہے؟
(a) رسمی (b) غیر رسمی (c) پھانسی (d) کوئی نہیں

## جوابات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (c) -6 | (c) -5 | (d) -4 | (b) -3 | (a) -2 | (a) -1 |
| (a) -12 | (c) -11 | (a) -10 | (d) -9 | (a) -8 | (a) -7 |
| (b) -18 | (b) -17 | (c) -16 | (c) -15 | (b) -14 | (a) -13 |
| (c) -24 | (a) -23 | (b) -22 | (a) -21 | (c) -20 | (d) -19 |
| (b) -30 | (c) -29 | (a) -28 | (a) -27 | (a) -26 | (b) -25 |
| | | | (b) -33 | (a) -32 | (c) -31 |

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (☆) دیا گیا ہے۔

☆☆☆

www.downloadclassnotes.com